## ملک کو مذہبی انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے جنرل اشفاق پرویز کیانی اور مسلح افواج کو مکمل اور بھرپور تعاون کا یقین دلاتا ہوں۔ الطاف حسین

## ایم کیوایم کے رہنما، کارکنان و ہمدرد عوام ملک سے مذہبی انتہا پسندی کے خاتمہ کیلئے ہر کڑے وقت میں مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے

## جنرل اشفاق پرویز کیانی اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے جراتمندانہ خیالات قوم کو مایوسی کی فضاء سے نکالنے کیلئے امید افزاء ثابت ہوئے ہیں

## پوری قوم ملک کو مذہبی انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے سر سے کفن باندھ کر تیار ہو جائے

لندن۔۔۔24 اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک کو بچانے اور مذہبی انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی کے جراتمندانہ خیالات کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور اس پر جنرل اشفاق پرویز کیانی اور مسلح افواج کے تمام افسران اور جوانوں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے ماضی میں بھی ملک کو درپیش داخلی و بیرونی خطرات کا جراتمندی و بہادری سے مقابلہ کیا، قبائلی علاقوں میں ہونے والی شورش سے نمٹنے کیلئے بھی فوج کے ہزاروں بہادر افسروں اور جوانوں نے اپنی جانیں قربان کردیں جنہیں میں زبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی نے آج فوج کی آپریشنل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے ملک کو مذہبی انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے عوام سے تعاون کی جو اپیل کی ہے اس پر میں اپنی جماعت ایم کیوایم کے پاکستان اور آزاد کشمیر کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کی جانب سے جنرل اشفاق پرویز کیانی اور مسلح افواج کو مکمل اور بھرپور تعاون کا یقین دلاتا ہوں، ایم کیوایم کے رہنما، کارکنان و ہمدرد عوام ملک کو بچانے اور مذہبی انتہا پسندی کے خاتمہ کیلئے فوج کے ساتھ دامے، درمے، قدمے، سخنے حتیٰ کہ اپنی جان تک کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں اور وہ ہر کڑے وقت میں مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے آج قومی اسمبلی میں اپنے خطاب میں ملک کو مذہبی انتہا پسندی و دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے جن جراتمندانہ خیالات کا اظہار کیا ہے وہ قابل تحسین ہیں اور نہ صرف میں بلکہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان سمیت ملک کا بچہ بچہ وزیراعظم کو انکے جراتمندانہ خیالات پر خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم مائیں، بہنیں، بزرگ اور ملک کے غریب عوام چند روز سے انتہائی مایوسی کا شکار تھے لیکن آج چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کے جراتمندانہ خیالات قوم کو مایوسی کی فضاء سے نکالنے کیلئے امید افزاء ثابت ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے پوری قوم خصوصاً نوجوانوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ملک کو مذہبی انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے سر سے کفن باندھ کر تیار ہو جائیں۔ جناب الطاف حسین نے آخر میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کا حامی و ناصر ہو۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا ہنگامی اجلاس، طالبانائزیشن اور طالبان کی سرگرمیوں کی مذمت

کراچی۔۔۔24/اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے انچارج و اراکین کا ہنگامی اجلاس گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں ملک خصوصاً سندھ اور کراچی میں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، طالبان کی سرگرمیوں، مسیحی آبادی پر مسلح حملے اور خواتین کی بے حرمتی کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور مطالبہ کیا ہے کہ طالبانائزیشن کی روک تھام کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں نام نہاد نظام عدل ریگولیشن کو جس انداز میں منظور کرایا گیا ہے اس سے سوات کے طالبان کے حوصلے بلند ہو گئے ہیں اور وہ اب سوات سے نکل کر شہری علاقوں کا رخ کر رہے ہیں تاکہ یہاں بھی فرسودہ قبائلی نظام رائج کیا جاسکے۔ انہوں نے حق پرست اراکین قومی اسمبلی کو ان جرات اور بہادری پر زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ حق پرست اراکین اسمبلی نے نظام عدل ریگولیشن کی منظوری کے وقت اسمبلی سے احتجاجاً باہر آکر ثابت کر دیا ہے کہ وہ الطاف حسین کے بازو ہیں اور حق پرست ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو نہ تو طاقت کے ذریعے حق گوئی سے روکا جاسکتا ہے اور نہ ہی دھنس و دھمکی کے ذریعے ڈرایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اب وہ کسی انتظار نہ کریں بلکہ خود میدان عمل میں آئیں۔ آخر میں اجلاس کے شرکاء نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت و تندرستی، ملک کی سلامتی اور تحریک کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## طالبانائزیشن اور مذہبی انتہاپسندی کے خلاف ایم کیوایم نے جو جراتمندانہ مؤقف اختیار کیا ہے اس پر الطاف حسین کو سیلوٹ پیش کرتا ہوں۔جیمز شیرا

## کراچی کے علاقے تیسر ٹاؤن میں مسلح طالبان کی جانب سے عیسائی آبادی پر حملے کے واقعہ پر جس طرح آواز بلند کی اور مسیحی برادری کے تحفظ کیلئے جو کوششیں کی ہیں وہ قابل تحسین ہیں

## تمام مسیحی عوام اتوار کو تمام رومن کیتھولک گرجا گھروں میں پاکستان کو بچانے کیلئے الطاف حسین کی کوششوں کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔جیمز شیرا کی اپیل

لندن۔۔۔24 اپریل 2009ء۔۔۔برطانیہ کے شہر رگبی کے سابق میئر اور پاکستان کرسچن الائنس یو کے کے چیئر مین جیمز شیرا نے کہا ہے کہ طالبانائزیشن اور مذہبی انتہاپسندی کے خلاف ایم کیوایم نے جو جراتمندانہ مؤقف اختیار کیا ہے اس پر میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کو سیلوٹ پیش کرتا ہوں۔جیمز شیرا نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کر کے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کی وجہ سے پاکستان کی سلامتی کو شدید خطرات لاحق ہیں، ایسے میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں خاموش ہیں لیکن ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جو ملک کو بچانے کیلئے طالبانائزیشن کے خلاف جرات و ہمت کے ساتھ ڈٹی ہوئی ہے۔جیمز شیرا نے کراچی کے علاقے تیسر ٹاؤن میں مسلح طالبان کی جانب سے عیسائی آبادی پر حملے کی بھی شدید مذمت کی اور کہا کہ ایم کیوایم نے اس واقعہ پر جس طرح آواز بلند کی اور مسیحی برادری کے تحفظ کیلئے جو کوششیں کی ہیں وہ قابل تحسین ہیں اور ایم کیوایم نے ایک بار پھر اپنے عمل سے ثابت کر دیا ہے کہ ایم کیوایم ہی اقلیتوں کی اصل محافظ اور تمام مذاہب کے ماننے والوں کے حقوق کی ضمانت ہے۔ جیمز شیرا نے کہا کہ مذہبی رواداری اور اعتدال پسندی پر یقین رکھنے والے عوام دیگر تمام سیاسی جماعتوں سے مایوس ہو چکے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم ہی ملک کو بچا سکتی ہے لہٰذا وہ ایم کیوایم اور اس کے قائد الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔جیمز شیرا نے پاکستان بھر کے تمام مسیحی عوام سے اپیل کی کہ وہ اتوار کو تمام رومن کیتھولک گرجا گھروں میں پاکستان کو بچانے کیلئے ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کی کوششوں کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## ملک بھر کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں، سول سوسائٹی اور وکلاء تنظیمیں طالبان کے خلاف سراپا احتجاج بن جائیں، پی پی او سی کی اپیل

کراچی۔۔۔24/اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ مرکزی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج و اراکین نے ملک بھر کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں، سول سوسائٹی اور وکلاء تنظیمیں سے اپیل کی ہے کہ وہ طالبان کی جانب سے اعلیٰ عدلیہ اور پارلیمنٹ کی توہین پر سراپا احتجاج بن جائیں، صوفی محمد کی جانب سے سوات، شنگلہ اور بونیر میں اعلیٰ عدالتوں کی بندش، وکلاء کو سنگین نتائج کی دھمکیاں اور پارلیمنٹ کو غیر شرعی قرار دینا عدلیہ اور پارلیمنٹ کی توہین ہے اور شریعت کے نام پر ملک بھر میں قبائلی نظام رائج کرنے کی سازش ہے۔اپنے مشترکہ بیان انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے ملک بھر خصوصاً سندھ، کراچی اور پنجاب میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کی سازش کو بے نقاب کیا اور سب سے پہلے اس کیخلاف آواز احتجاج بلند کیا اور یہی وجہ ہے کہ آج عوام کی اکثریت قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم پر اپنی امید کی کرن لگائے ہوئے ہیں اور قائد تحریک الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کر کے ظلم و ضدی ذہنیت کے شریعت کے آگے بند باندھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم الحمداللہ مسلمان ہیں اور نبی کریمؐ کی شریعت پر یعت کو ماننے والے ہیں اور آخری دم تک مسلمان رہیں گے اور نبی کریمؐ شریعت پر عمل پیرا رہیں گے، ہمیں کسی صوفی محمد کی شریعت کی نہ تو کل ضرورت تھی اور نہ ہی آج ضرورت ہے۔انہوں نے ملک بھر کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں، سول سوسائٹی، تمام بار کونسلوں اور وکلاء تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ صوفی محمد اور ان کے علمبرداروں کی جانب سے اعلیٰ عدلیہ اور پارلیمنٹ کے خلاف توہین آمیز ریمارکس پر سراپا احتجاج بن جائیں اور شریعت صوفی کی آڑ میں ملک بھر میں قبائلی نظام رائج کرنے کی سازش ناکام بنا دیں۔پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج و اراکین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے بھی اپیل کی کہ صوفی محمد کی جانب سے اعلیٰ عدلیہ اور پارلیمنٹ کیخلاف توہین آمیز ریمارکس کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور سوات، شنگلہ اور بونیر میں اعلیٰ عدالتی نظام بحال کر کے تمام وکلاء کی جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔

## کراچی مضافاتی کمیٹی کے ارکان کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ،عوام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔24/اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج وارکین فرخ اعظم،اسلم بلوچ ،عارف حیدر،عزیزالرحمان ،احمدرضا،ندیم سومرو،ممتازعلی،راشد اکرام،گل محمدمینگل ،شکیل سیدظہیرانوراورمحمدحنیف چھتانی نے حاجی مریدگوٹھ،گلشن حدیدیوسی 2،مشرف کالونی اوربدھنی گوٹھ کاتفصیلی دورہ کیااورمسجدالعصرٹرسٹ کے چیئرمین آغامولانامحمدحسین،حسینی فرنٹ کے چیئرمین سلطان صفدراورمنورشاہ سمیت علاقہ معززین اوردیگرمکینوں سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔اس موقع پرایم کیوایم کے ذمہ داران نے طالبانائزیشن کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں اورملک وقوم کودرپیش خطرات سے انہیں آگاہ کیااورملک کی سلامتی،عوام کی بقاءسمیت طالبانائزیشن کی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے ایم کیوایم کی پالیسی بیان کی اورانہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کا پیغام بھی پہنچایا۔اس موقع پرمعززین اورمختلف مکاتب فکر کے عوام نے طالبانائزیشن کے خلاف ایم کیوایم کی پالیسی کی تعریف کی اوراس کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے اس ملک کی عوام خصوصاً سندھ اورکراچی کے عوام کوآنیوالےخطرات سے ہمیشہ وقت سے پہلے آگاہ کیالیکن ہم نے غفلت کا مظاہرہ کیاجس کی وجہ سےہمیں شدیدنقصان پہنچاہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک تاریخ کے انتہائی نازک ترین دور سے گزررہاہے اوراس کی سلامتی کوشدیدخطرات لاحق ہیں۔انہوں نے مزیدکہا کہ ملک میں طالبان بندوق کی نوک پرڈنڈابردارشریعت نافذکرنے کی کوشش کررہے ہیں اوراس نام نہادصوفی شریعت کوماضی میں پڑوسی ملک افغانستان میں بھی نافذکیاگیاجہاں دیگرمذاہب کے لوگوں کوتشددکانشانہ بنایاگیااوران کی عبادتگاہوں کوتباہ وبربادکرکے اسلام کےتشخص کوپوری دنیامیں مجروح کیاگیا۔انہوں نے کہا کہ اب یہی طالبان افغانستان سے نکل کرہمارے وطن عزیز کارخ کیے ہوئے ہیں اورملک اورعوام کوخودکش حملوں اوردہشتگردی کے ذریعے خاک وخون میں نہارہے ہیں۔اس موقع پرایم کیوایم کے ذمہ داران نےعوام سے اپیل کی کہ وہ قائدتحریک الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں اوران کی قیادت میں ایک سیسہ پلائی ہوئی دیواربن کراس ملک کیخلاف سازش کرنے والوں کوشکست فاش دیں۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تحت جناح پولی ٹیکنیک کالج میں ٹیکنیکل نمائش اوربک فیئر کاانعقاد

کراچی۔۔۔24/اپریل 2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جناح پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ کے زیراہتمام ایک ٹیکنیکل نمائش اوربک فیئر کاانعقادکیاگیاجس میں مختلف کالجزکی جانب سےڈیزائن کی گئی مصنوعات رکھی گئی۔نمائشی تقریب میں وزیراعلیٰ سندھ کےمشیرخواجہ اظہارالحسن نےمہمان خصوصی کےطور پرشرکت کی جبکہ دیگرمہمانان گرام میں اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں،جوائنٹ سیکریٹری عمران معین شریک ہوئے۔اس موقع پرتقریب سے خطاب کرتے ہوئےمشیرخواجہ اظہارالحسن نے کہا کہ اے پی ایم ایس اوطلبہ میں علم کی چراغ روشن کررہی ہےاورطلبہ کی پوشیدہ صلاحتوں کواجاگرکررہی ہے۔انہوں نے نمائش اوربک فیئر کےانعقادپراے پی ایم ایس اوکی پوری ٹیم کومبارکبادپیش کی اورکہا کہ اے پی ایم ایس او نے نمائش اوربک فیئر کاانعقادکرکے اپنی سابقہ روایات کوبرقراررکھاہےان کی قائدتحریک الطاف حسین سچی محبت وعقیدت کاثبوت ہے۔تقریب سےاے پی ایم ایس اوکےچیئرمین وحیدالزماں نےبھی خطاب کیااورطلباءوطالبات پرزوردیاکہ وہ اپنی آنے والی نسلوں کی بقاءکیلئےتعلیم پرحصول پربھرپورتوجہ دیں اوراپنے ذہنوں کوعلم کی روشنی سےمنوررکھیں۔

## ایم کیوایم کےتحت یکم مئی کوسندھ ورکرزکنونشن ملتوی کردیاگیا

کراچی۔۔۔24،اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کےتحت یکم مئی کومنعقدہونے والاسندھ ورکرزکنونشن ملتوی کردیاگیا۔ایم کیوایم کےشعبہ اطلاعات کےاعلامیہ کے مطابق ایم کیوایم کی جانب سےسندھ ورکرزکنونشن کےانعقادکےسلسلہ میں ایم کیوایم کی جانب سے تیاریاں کی جارہی تھیں تاہم حکومت سندھ کی جانب سے جلسہ جلوس پرایک ماہ کیلئے پابندی کے فیصلے کے بعدسندھ ورکرزکنونشن ملتوی کردیاگیاہے۔سندھ ورکرزکنونشن کےانعقادکی آئندہ تاریخ کااعلان جلسہ جلوس پرپابندی کےخاتمہ کے بعدکیاجائےگا۔

☆☆☆☆☆